## سبق - 2

# اچھّا لڑکا

سڑک کے کنارے ایک نَل لگا ہے۔ آج اُس میں پانی دیر سے آیا۔ بہت سے لوگ بالٹی اور گھڑے لیے پانی آنے کا انتظار کر رہے تھے۔ وہاں ایک بوڑھی عورت بھی تھی۔ وہ اپنی بالٹی لیے کھڑی تھی۔

جیسے ہی پانی آیا آس پاس کھڑے لوگ جَھپٹ پڑے اور اپنے اپنے برتن بھرنے لگے۔ کچھ لوگوں کے پاس کئی کئی گھڑے اور بالٹیاں تھیں۔ ان کو پانی بھرنے میں کافی دیر لگ گئی۔ بوڑھی عورت بار بار نَل تک پہنچنے کی کوشش کرتی لیکن



© NCERT not to be republished

پیچھے رہ جاتی۔ اُسے کھڑے کھڑے بہت دیر ہوگئی تھی۔ وہ بہت پریشان دکھائی دے رہی تھی۔ قاسِم اپنی بالٹی میں پانی بھر کر جب نَل کے پاس سے ہٹا تو اُس نے بوڑھی عورت کو دیکھا۔ اُس نے آگے بڑھ کر اپنی بالٹی کا پانی اُس کی بالٹی میں ڈال دیا۔ بوڑھی عورت خوش ہوگئی۔ قاسِم کو دعائیں دیں اور اپنی بھری ہوئی بالٹی لے کر گھر چلی گئی۔ سچ ہے۔

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھّے آتے ہیں جو کام دوسروں کے

© NCERT not to be republished



# مشق



## اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. نل کہاں لگا تھا؟
2. لوگ کِس چیز کا انتظار کر رہے تھے؟
3. بوڑھی عورت بار بار کہاں پہنچنے کی کوشش کر رہی تھی؟
4. بوڑھی عورت نے قاسِم کو دعائیں کیوں دیں؟
5. دنیا میں اچھّے لوگ کون ہوتے ہیں؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ چُن کر لکھیے۔

1. آج نل میں پانی ــــــ سے آیا۔ (دیر/جلدی)
2. بوڑھی عورت اپنی بالٹی لیے ــــــ تھی۔ (بیٹھی/کھڑی)
3. وہ بہت ــــــ دکھائی دے رہی تھی۔ (پریشان/خوش)
4. ــــــ عورت بار بار نل تک پہنچنے کی کوشش کرتی۔ (جوان/بوڑھی)
5. ہیں لوگ وہی جہاں میں ــــــ (اچھّے/بُرے)

© NCERT not to be republished



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے ۔

مثال : گھڑا = گھڑے

کپڑا = ________ لڑکا = ________

انڈا = ________ پودا = ________

مُرغا = ________ جوتا = ________



نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے ۔

 = ________

 = ________

 = ________

© NCERT not to be republished

 = ____________

 = ____________



سوچیے اور بتائیے۔

1. نَل کے علاوہ پینے کا پانی ہمیں اور کہاں کہاں سے ملتا ہے؟

2. ہم دوسروں کی مدد کس کس طرح کر سکتے ہیں؟



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'وں' ملا کر لکھیے۔

| |
|---|
| مثال : سڑک = سڑکوں |

نَل = ____________

عورت = ____________

برتن = ____________

گھر = ____________

لوگ = ____________

© NCERT not to be republished



خوش خط لکھیے۔

سڑک

جھَپٹ

پیچھے

قاسِم

دعائیں



دوسروں کی مدد کے بارے میں اگر آپ کو کوئی کہانی یاد ہو تو اپنے ساتھیوں کو سنائیے۔

© NCERT not to be republished